کورڈ NYC حاصل کریں!

صحت بیمہ کے ساتھ

اپنے کیلنڈر پر نشان زد کریں! 15th دسمبر تک درخواست دیں دیں تاکہ آپ کا کوریج جنوری سے شروع ہو جائے۔

صحت بیمہ کے میرے اختیارات کیا ہیں؟

اگر آپ کو نوکری یا خاندان کے ممبر کی معرفت کوریج نہیں مل پاتا ہے تو آپ NY State of Health، آفیشل ہیلتھ پلان منڈی کے ذریعہ کم قیمت اختیار تلاش کرنے پر قادر ہو سکتے ہیں۔ طریقہ یوں ہے:

- آن لائن، فون پر یا بذات خود درخواست دیں۔ فون پر اور بذات خود اعانت بہت ساری زبانوں میں دستیاب ہے۔
- یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ کو مالی اعانت مل سکتی ہے اور مارکیٹ پلیس میں جس صحت بیمہ کے آپ اہل ہیں اس میں اندراج کروانے کے لیے ایک درخواست پُر کریں۔
- افراد اور خاندان، بشمول ایک ہی جنس کے شریک حیات اگر آمدنی کے لحاظ سے اہل ہوں تو انہیں ٹیکس کریڈٹ مل سکتا ہے۔ شادی شدہ جوڑوں کو اہل قرار پانے کے لیے مشترکہ طور پر اپنا ٹیکس فائل کرنا ضروری ہے۔

آپ نجی بیمہ براہ راست کسی بیمہ کمپنی سے بھی خرید سکتے ہیں لیکن اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ کو مالی اعانت نہیں ملے گی۔

اگر مجھے صحت بیمہ درکار ہے تو کیا میری ترک وطنی کی حیثیت معنی رکھتی ہے؟

یہ منحصر کرتا ہے۔ کوئی بھی NY State of Health ملاحظہ کرکے صحت بیمہ کے اپنے اختیارات کے بارے میں پتہ کر سکتا ہے۔ کچھ پروگرام مخصوص قسموں کے تارکین وطن تک محدود ہیں:

- شہری، گرین کارڈ کے حاملین اور دیگر قانونی طور پر موجود باشندے* NY State of Health پر عوامی یا نجی بیمہ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- سبھی بچے ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر Child Health Plus کے اہل ہیں۔
- سبھی حاملہ خواتین جن کی آمدنی کم ہے وہ ترک وطنی کی۔ حیثیت سے قطع نظر Medicaid حاصل کر سکتی ہیں
- کچھ تارکین وطن جیسے ڈیفرڈ ایکشن فار چائلڈ ہوڈ ارائیولز (Deferred Action for Childhood Arrivals, DACA) NY State of Health پر موجود نجی بیمہ کے لیے نہیں بلکہ Medicaid کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔
- غیر دستاویز بند تارکین وطن جن کی آمدنی کم ہے وہ ایسے Medicaid کے لیے پیشگی منظور کیے جا سکتے ہیں جو صرف صحت کے ہنگامی مسائل پر محیط ہو۔

*** قانونی طور پر موجود باشندوں میں شامل ہیں عارضی باشندے، جیسے درست ویزا والے طلبہ۔**

آج ہی درخواست دیں

عوامی صحت بیمہ
پروگرامز جیسے Medicaid،
Essential Plan اور
Child Health Plus سبھی آپ کے
آس پاس دستیاب ہیں۔

نجی صحت بیمہ
ہر سال کھلے اندراج کے دوران
یا اگر آپ کو اہل قرار پانے کے کسی ایونٹ
کا سامنا ہوتا ہے تو دستیاب ہے۔

یقین نہیں ہے کہ آیا آپ اہل قرار پاتے ہیں؟

کوئی بات نہیں – آپ
پر کسی بھی وقت درخواست دے سکتے
ہیں۔ آپ کے کوریج کے اختیارات
کے بارے میں پتہ کرنا پہلے
سےکہیں زیادہ آسان ہے!

مزید معلومات کے لیے

NY State of Health کو
nystateofhealth.ny.gov پر
ملاحظہ کریں، 311 پر یا
1-855-355-5777 پر کال کریں

Human Resources Administration
Department of Social Services

HEALTH INSURANCE LINK

FLY-933 (B)
Rev. 05/17

اگر آپ کی ترک وطنی کی حیثیت تبدیل ہو جاتی ہےتو آپ نئے سرے سے اندراج کروانے کے اہل ہوسکتے ہیں یا NY State of Health کے ذریعہ آپ کو بیمہ کے نئے اختیارات مل سکتے ہیں۔

سبھی باشندے براہ راست نجی بیمہ کمپنیوں کے پاس کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

NY State of Health کے ذریعہ صحت بیمہ حاصل کرنا آپ کو گرین کارڈ حاصل کرنے، شہریت یا کسی رشتہ دار کی کفالت کرنے سے نہیں روکے گا۔

کیا میں اپنا ڈاکٹر رکھ سکتا ہوں؟

اگر آپ کو اپنے ڈاکٹرز پسند ہیں تو ان سے معلوم کریں کہ وہ کون سے بیمہ منصوبے قبول کرتے ہیں۔

آپ صحت منصوبہ کی ویب سائٹ ملاحظہ کرکے بھی دیکھ سکتے ہیں کہ کون سے ڈاکٹر اور ہسپتال ان کے نیٹ ورک میں موجود ہیں۔

اگر میں نے کھلے اندراج کی آخری مدت کے دوران صحت بیمہ کے لیے سائن اپ کیا تو کیا ہوگا؟

کھلے اندراج کے دوران، آپ اپنا منصوبہ تبدیل کر سکتے ہیں یا آپ کے کوریج میں درکار کوئی دیگر ایڈجسٹمنٹس کر سکتے ہیں۔

کیا میں کھلے اندراج کے علاوہ اندراج کروا سکتا ہوں؟

اگر آپ کا سامنا بعض زندگی بدلنے والے ایونٹس سے ہوتا ہے، تو آپ ایک خصوصی اندراج کی مدت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ خصوصی اندراج کی مدت کے اہل ہیں تو NY State of Health ملاحظہ کر سکتے ہیں تاکہ:

- فوری طورپر نئے کوریج کے لیے سائن اپ کر سکیں یا اپنا صحت منصوبہ تبدیل کر سکیں — آپ کو اگلے کھلے اندراج کی مدت تک انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے
- کچھ صورتوں میں، آپ کے پاس صحت بیمہ تبدیل کرنے کے لیے پہلے سے اس کا موجود ہونا ضروری ہے

خصوصی اندراج کی مدتیں وقت کے ساتھ محدود ہیں:

- اگر آپ کوریج نوکری کی معرفت ہے تو آپ کے پاس اسے تبدیل کرنے کے لیے اہل قرار پانے کے ایونٹ کے وقت سے صرف 30 دن کا وقت ہو سکتا ہے۔
- اگر آپ کے پاس اپنا بیمہ ہے یا خود اپنا بیمہ حاصل کر رہے ہیں تو آپ کو اہل قرار پانے کے ایونٹ سے 60 دنوں کے اندر کارروائی کرنا ضروری ہے۔

اہل قرار پانے کے ایونٹس کی مثالیں ہیں:

- شادی ہو جانا، یا ڈومیسٹک پارٹنرشپ میں داخل ہونا
- حاملہ ہونا، یا بچے کی ولادت ہونا
- آپ کی ترک وطنی کی حیثیت تبدیل ہو جانا
- نوکریاں تبدیل ہو جانا
- نیو یارک میں یا ایک کاؤنٹی سے دوسری کاؤنٹی میں منتقل ہو جانا
- اپنے صحت بیمہ کوریج سے محروم ہو جانا

اگر میں غیر بیمہ شدہ ہوں اور مجھے ڈاکٹر کے پاس جانا ہے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کے پاس صحت بیمہ نہیں ہے اور نگہداشت درکار ہے تو آپ اب بھی NYC میں اسے حاصل کر سکتے ہیں۔

سٹی کا پبلک ہاسپٹل سسٹم (NYC Health + Hospitals) اور کمیونٹی ہیلتھ سنٹرز آپ کی آمدنی کی لحاظ سے، کم فیس کی بنیاد پر طبی نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔

غیر بیمہ شدہ فرد کے لیے نگہداشت صحت کے وسائل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے nyc.gov/hilink ملاحظہ کریں۔

اگر مجھے جنسی اور باز تولیدی نگہداشت صحت درکار ہے تو کیا ہوگا؟

مفت اوررازدارانہ تولیدی صحت، بشمول تدارکی اسکریننگز اور STI ٹیسٹنگ، Family Planning Benefit Program کے ذریعہ اہل مردوں اور خواتین کے لیے دستیاب ہیں۔ مزید جاننے کے لیے، nyc.gov/hilink/famplan ملاحظہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے: NY State of Health

nystateofhealth.ny.gov پر ملاحظہ کریں یا 311 یا 1-855-355-5777 پر کال کریں۔

Copyright 2017, The City of New York. Human Resources Administration/Department of Social Services.

اس مواد کا کل یا بعض حصہ دوبارہ پیش کرنے کی اجازت کے لیے New York City Human Resources Administration سے رابطہ کریں۔